| | |
|---|---|
| وَاللّٰهُ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ | اور یہ اللہ ہی تو ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو پھر وہ اٹھاتی ہیں |
| سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰی بَلَدٍ مَّیِّتٍ | بادل پھر ہم چلاتے ہیں اسے مردہ زمین کی طرف |
| فَاَحْیَیْنَا بِهِ الْاَرْضَ | اور زندہ کر دیتے ہیں اس کے ذریعہ سے اس زمین کو |
| بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ | اس کے مر جانے کے بعد |
| كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۹ | اسی طرح ہوگا (مرے ہوئے انسانوں کا) جی اٹھنا ۹ |
| مَنْ كَانَ یُرِیْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ | جو چاہتا ہے عزت تو اللہ ہی کے لیے ہے |
| الْعِزَّةُ جَمِیْعًا ؕ اِلَیْهِ یَصْعَدُ | عزت ساری کی ساری۔ اسی کی طرف چڑھتے ہیں |
| الْكَلِمُ الطَّیِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ یَرْفَعُهٗ ؕ | پاکیزہ کلمات اور عملِ صالح ان کو اونچا اٹھاتا ہے |
| وَالَّذِیْنَ یَمْكُرُوْنَ السَّیِّاٰتِ لَهُمْ | اور وہ لوگ جو چلتے ہیں بری چالیں ان کے لیے ہے |
| عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ | سخت عذاب اور ان کی چالیں |
| هُوَ یَبُوْرُ ۱۰ | خود ہی غارت ہونے والی ہیں ۱۰ |
| وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ | اور اللہ ہی نے پیدا کیا ہے تم کو مٹی سے پھر نطفہ سے |
| ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ | پھر بنا دیا ہے اسی نے تم کو جوڑا (مرد و عورت) اور نہیں حاملہ ہوتی |
| مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ | کوئی مادہ اور نہیں بچہ جنتی مگر اللہ کے علم کے مطابق |
| وَمَا یُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا یُنْقَصُ | اور نہیں عمر پاتا کوئی عمر پانے والا اور نہ کمی ہوتی ہے |
| مِنْ عُمُرِهٖۤ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ ؕ | اس کی عمر میں مگر یہ سب لکھا ہوا ہے ایک کتاب میں |
| اِنَّ ذٰلِكَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرٌ ۱۱ | بلاشبہ یہ سب اللہ کے لیے بہت آسان ہے ۱۱ |

| | |
|---|---|
| قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ | (اے نبیؐ) اُن سے کہو کبھی تم نے دیکھا بھی ہے اپنے اُن شریکوں کو |
| الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ | جنہیں تم پکارتے ہو اللہ کے سوا؟ مجھے بتاؤ |
| مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ | انہوں نے کیا پیدا کیا ہے زمین میں؟ یا ان کی ہے |
| شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا | کوئی شرکت آسمانوں میں؟ یا عطا کی ہے ہم نے انہیں کوئی کتاب |
| فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ | جو ان کے پاس بطورِ سند ہو؟ |
| بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا | نہیں بلکہ حقیقت میں نہیں وعدہ کرتے یہ ظالم ایک دوسرے سے |
| اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ | مگر جھوٹا ﴿۴۰﴾ |
| اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ | بلاشبہ اللہ ہی ہے جو روکے ہوئے ہے آسمانوں کو اور زمین کو |
| اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا | ٹل جانے سے اور اگر وہ ٹل جائیں تو نہیں روک سکتا اُنہیں |
| مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ | کوئی دوسرا اللہ کے بعد؟ یقیناً وہ ہے |
| حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ | بڑا حلیم اور درگزر کرنے والا ﴿۴۱﴾ |
| وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ | اور قسمیں کھایا کرتے تھے یہ اللہ کی سخت ترین قسمیں |
| لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ | کہ اگر آتا ان کے پاس کوئی متنبہ کرنے والا تو ہوتے یہ |
| اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ | زیادہ ہدایت یافتہ ہر ایک امت سے |
| فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ | لیکن جب آیا ان کے پاس متنبہ کرنے والا |
| مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا ﴿۴۲﴾ | تو نہ اضافہ کیا (اس کی آمد نے) ان میں مگر نفرت کا ﴿۴۲﴾ |

